اٹارنی جنرل الینوائے - نفرت پر مبنی جرائم کی حقائق کی شیٹ

نفرت پر مبنی جرم کیا ہے؟

نفرت پر مبنی جرم وہ جرم ہے کہ جس میں ایک شخص یا افراد کے ایک گروہ کو ان کی اصل یا تصور کردہ شناخت کی وجہ سے نشانہ بنایا جاتا ہے۔ الینوائے کے قوانین برائے نفرت پر مبنی جرائم ان لوگوں کی حفاظت کرتے ہیں جنہیں نسل، رنگ، مذہب، صنف، جنسی رجحان، امیگریشن یا شہریتی حیثیت یا جسمانی یا دماغی معذوری جیسی خصوصیات کی بنیاد پر نشانہ بنایا جاتا ہے۔

نفرت پر مبنی جرائم کی کچھ مثالیں کیا ہیں؟

الینوائے کے قانون کے تحت، مندرجہ ذیل میں سے کوئی بھی نفرت پر مبنی جرم کہلایا جا سکتا ہے اگر اس کا محرک کسی کی اصل یا تصور کردہ نسل، رنگ، قومیت، اعتقاد، مذہب، شجرہ نسب، صنف، جنسی رجحان، امیگریشن یا شہریتی حیثیت، جسمانی یا دماغی معذوری ہو:

- حملہ یا تشدد
- چوری
- دھونس جمانا (دھمکانا)
- پیچھا کرنا یا سائبر اسٹاکنگ
- ٹیلی فون، ای میل، یا سوشل میڈیا، یا کسی کو فون کے ذریعے فحش پیغامات بھیجنے کے ذریعے ہراساں کرنا
- غیر قانونی طور پر رہائش گاہ میں گھسنا یا جائیداد کو نقصان پہنچانا
- بدنظم حرکت یا مشتعل کارروائی کرنا

اگر مجھے یقین ہو کہ میں نے نفرت پر مبنی جرم کا تجربہ یا مشاہدہ (دیکھا) کیا ہے تو میں کس سے رابطہ کر سکتا/سکتی ہوں؟

- نفاذ قانون:
  - 911 پر یا اپنے مقامی محکمہ پولیس سے رابطہ کریں اور پولیس رپورٹ درج کریں۔
  - انہیں خصوصی طور پر یہ بتائیں کہ آپ کے خیال میں یہ نفرت پر مبنی جرم تھا۔ اگر آپ بتا سکتے ہوں، تو انہیں بتائیں کہ آپ کو یہ یقین کیوں ہوا کہ اس کا محرک نفرت تھی۔
  - نفاذ قانون کی کچھ ایجنسیز میں نفرت پر مبنی جرائم کی تحقیق کے لیے خصوصی یونٹس قائم ہیں، جیسا کہ:
    - کُک کاؤنٹی کے شیرف کی امتیازی سلوک کے خلاف ہاٹ لائن (773-674-HELP یا 773-674-4357 پر کال کریں)
- اٹارنی جنرل الینوائے:
  - الینوائے کے اٹارنی جنرل، ریاست کی طرف سے، نفرت پر مبنی جرم کے مرتکب شخص کے خلاف دیوانی مقدمہ دائر کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔
  - ایسے واقعات یا امتیازی سلوک جن کا محرک نفرت ہو ان کی رپورٹ کرنے کے لیے الینوائے کے اٹارنی جنرل کی شہری حقوق کی ہاٹ لائن 877-581-3692 پر رابطہ کریں۔ ترجمے کی سروسز دستیاب ہیں۔

ایسا شخص جس نے نفرت سے تحریک پانے والے جرم کا سامنا کیا ہو اس کے لیے کیا مدد دستیاب ہے؟

- نفرت پر مبنی جرائم کے متاثرین کے لیے سروسز:
  - شکاگو کے رہائشی شکاگو شہر کے کمیشن برائے انسانی تعلقات (CCHR) - نفرت پر مبنی جرم کے متاثر کی مدد کے نمبر 312-744-4874 پر کال کر سکتے ہیں۔
    - CCHR نفرت پر مبنی جرائم کے متاثرین کو مدد، معاونت، اور حوالہ جات، بشمول پولیس کو رپورٹ کرنے میں معاونت اور عدالتی سماعتوں میں رفاقت کی پیشکش کرتا ہے۔
  - الینوائے کے اٹارنی جنرل کے دفتر کا جرم کے متاثرین کی تلافی کا پروگرام جرائم، بشمول نفرت پر مبنی جرائم کے کچھ متاثرین کو مالی معاونت فراہم کر سکتا ہے۔
    - ہیلپ لائن 800-228-3368 پر کال کرنے یا www.IllinoisAttorneyGeneral.gov/cvcapply پر آن لائن فارم تک رسائی کرنے کے ذریعے آپ مالی معاونت کے لیے درخواست دے سکتے ہیں:

کیا ایسے شخص کے لیے قانونی معاونت موجود ہے جسے نفرت پر مبنی جرم کا نشانہ بنایا گیا ہو؟

انفرادی قانونی مدد:

- اگر آپ نفرت پر مبنی جرم کے متاثرہ ہیں، تو آپ کو جرم کے مرتکب شخص(اشخاص) کے خلاف دیوانی مقدمہ دائر کرنے کا حق حاصل ہے۔
- 800-922-8757 پر کال کرنے یا https://www.isba.org/public/illinoislawyerfinder ملاحظہ کرنے کے ذریعے آپ ریاست الینوائے کی بار ایسوسی ایشن کے ذریعے وکیل تلاش کر سکتے ہیں
- اگر آپ وکیل کی استطاعت نہیں رکھتے، تو اٹارنی جنرل کی ویب سائٹ: https://illinoisattorneygeneral.gov/about/probono.html پر قانونی مدد کے کچھ وسائل تلاش کر سکتے ہیں

مزید معلومات کے لیے الینوائے کے اٹارنی جنرل کے شہری حقوق کے بیورو سے 877-581-3692 پر رابطہ کریں۔ ترجمے کی سروسز دستیاب ہیں۔ سماعت یا بول چال کی معذوری کے شکار افراد 7-1-1 ریلے سروس کا استعمال کر کے ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

ہیں۔ سکتے پہنچ تک ہم کرکے استعمال سروس ریلے 7-1-1 افراد والے معذوری کی گویائی یا سماعت

اٹارنی جنرل الینوائے

شکاگو 312-814-3000
اسپرنگ فیلڈ 217-782-1090
کاربونڈیل 618-529-6400

www.IllinoisAttorneyGeneral.gov